<u>دورہ قرآن</u>

پارہ 4 لن تنالوا

اھم نکات

سورۃ آل عمران

آیت 200 - 92

تا

سورۃ النساء

آیت 25- 1

آیت 92:- حقیقی نیکی اور تقویٰ اس کے حصے میں آتی ہے جو اللہ کے راستے میں اپنی محبوب چیز دیتا ہے

وہ مومن نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لئے وہ پسند نہ کرے جو وہ اپنے لئے ▫ کرتا ہو۔

اخلاق کا بلند ترین درجہ یہ ہے کہ اپنی پسند کو اللہ▫کی پسند کے تابع کر دو۔

آیت 96:- برکت کا مطلب کسی چیز میں اضافہ ہوتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:- عمرہ اور حج کرنا فکر اور گناہوں کو اس طرح ختم کر دیتا ہے جیسے بھٹی سونے اور چاندی سے میل کو دور کر دیتی ہے۔

آیت 101:- اگر ہم اپنے لئے اور اپنی اولاد کے لئے بہترین چاھتے ہیں تو قرآن کے ساتھ ہمیشه کا سفر جاری رکھیں۔

آیت 102:- لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کثرت سے پڑھنا چاہیے۔

خوشخبری ہے اس شخص کے لئے ہیں جسکا کثیر کلام لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہوگا اور وہ جنّت میں داخل ہوگا۔

اللہ کا حق بھی یہ ہے کہ جہاں کہیں بھی ہو اللہ کو یاد رکھو اور اس سے ڈرو یہی تقویٰ ہے۔

آیت 103:- حدیث میں آتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کی کتاب ہی اللہ کی فرمایا :- اللہوہ رسی ہے جو آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی ہے۔ اسکو پکڑ لو گے تو اللہ سے تعلق مضبوط رہے گا۔

اللہ تمہارے لئے تین باتوں کو پسند کرتا ہے۔

ایک اللہ کی عبادت کرو اور اس ک ساتھ کسی کو شریک نہ کرو۔
اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑے رکھو۔
جن حکمرانوں کو اللہ نے تمہاری ذمداری دی ہے ان کی خیر خواہی کرو۔
تین چیزیں جو اللہ کو ناپسند ہیں۔
بیکار باتوں پر توجہ دینا۔
کثرت سوال کرنا۔
مال ضائع کرنا۔

اس آیت میں۔ خاص طور پر جڑے رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ایک مومن دوسرے مومن ▫ کے لئے عمارت کی طرح ہوتا ہے۔

آیت 104:- جو لوگ خیر کے کام کرتے ہیں برائی سے روکتے اور نیکی کا حکم دیتے ہیں یہ لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں۔

آیت 110:- کسی کی سب سے اچھی خیر خواہی یہی ہے کہ اسکو نیکی کا حکم دیا جائے اور برائی سے روکا جائے۔

المعروف: - ہر وہ کام کرنا جسکا کرنا اللہ کو پسند ہو اور اسے بہتر سمجھا جائے۔ ▫
ًالمنکر:- ہر وہ کام جسکو اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے اور ایمان والے بھی اسے برا ▫ سمجھیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:- اسلام کے آٹھ حصے ہیں۔▫
اسلام
نماز
زکوۃ
روزہ
حج و عمرہ
المعروف
المنکر
اللہ کی راہ میں جہاد

آیت 113:- ایمان لانے کے بعد سب سے بہترین کام اپنی پسندیدہ چیز قربان کرنا۔ 🔶

قرآن کو رات کو پڑھنے کی فضیلت دن کے مقابلے میں زیادہ ہے۔▫

علم سیکھنا اور سیکھانا بعض وقت نفل نماز سے بھی زیادہ ہو جاتا ہے۔▫

آیت 114:- صالح بندے کے لئے یہ کام کرنا ضروری ہیں۔ امر باالمعروف و نہی عن المنکر

آیت 117:- گناہ مسائل اور ہلاکت کا سبب ہیں۔

آیت 120:- کسی کی خوشی پر افسوس کرنا اور تکلیف پر خوش ہونا منافقت کی علامت ہے۔

تقویٰ انسان کو غلط کام سے روک لیتا ہے۔▫

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا:-

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَارِالسُّوْءِ وَمِنْ زَوْجٍ تُشَیِّبُنِیْ قَبْلَ الْمَشِیْبِ وَمِنْ وَلَدٍ یَکُوْنُ عَلَیَّ رِبَاًوَّ مِنْ مَّالٍ یَکُوْنُ عَلَیَّ عَذَابًاوَّمِنْ خَلِیْلٍ مَّاکِرٍعَیْنُہٗ تَرَانِیْ وَقَلْبُہٗ یَرْعَانِیْ اِنْ رَّاٰی حَسَنَةً دَفَنَھَاوَاِنْ رَّاٰی سَیِّئَةً اَذَاعَھَا

آیت 121:- صبح سویرے کام پر نکلنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تھا۔ ◆

آیت 123:- مومن کا بھروسہ اور توکل اللہ تعالیٰ پر ہوتا ہے۔

آیت 134:- غصے کو پی جانا جنت میں لے جانے والا عمل ہے۔ ◆

آیت 141:- مشکلیں اور آزمائشیں انسان کو مضبوط کرتی ہیں۔ ◆

آیت 142:- جہاد جہاد بن نفس بھی ہوتا ہے۔ ◆

آیت 151:- شرک زندگی میں خوف اور بے برکتی کا باعث ہوتا ہے۔ ◆

-:آیت 153:- آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا ◆

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحَزَنِ۔۔۔

آیت 154:- اگر دلوں میں منافقت ہو تو انسان نیکی کے کاموں میں پیچھے رہ جاتا ہے ◆
اور اللہ توفیق بھی چھین لیتا ہے۔

آیت 159:- آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: - نرمی جس چیز میں بھی ہوتی ہے ◆
خیرو برکت کا باعث ہے۔

آیت 173:- جب چیزیں بہت مشکل ہو جائیں تو یہ دعا پڑھیں۔ ◆

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

آیت 179:- اجر عظیم ایمان کے ساتھ ساتھ تقویٰ سے بھی ملتا ہے۔ ◆

آیت 185:- خوش بخت وہ ہے جس کو موت رب کی رضا میں آئے ◆

آیت 190:- سورۃ آل عمران کی آخری دس آیات آپ صلی اللہ علیہ وسلم تہجد شروع
کرنے سے پہلے پڑھا کرتے تھے۔

آیت 200:- فلاح صبر اور تقویٰ میں سے ہے۔ پسندہ چیز چلے جانے پر صبر اور تکلیف دہ
حالات میں بھی اللہ پریقین تقویٰ ہے۔

<u>سورۃ النساء</u>

آیت 1:- تقویٰ ہر کام کی بنیاد ہے۔ تو اپنے اوپر اللہ کا تقویٰ لازم کر لینا چاہیے۔
آیت 8:- اچھی بات کرنا بھی صدقہ ہے۔ ◆

آیت 12:- وصیت میں تبدیلی کرنا کبیرہ گناہ ہے۔ 🔶

آیت 18:- جو توبہ نہیں کرتا وہ معاف نہیں کیا جاتا۔ 🔶

آیت 19:- ایمان کے لحاظ سے کامل مومن وہ ہے جو اخلاق میں سب سے اچھا ہے۔ 🔶

- :اپنے لئے عمل کے کام 🌼

اپنی عبادتوں کا جائزہ لینا کہ قرآن سے تعلق کتنا مضبوط ہے۔

کی راہ میں قربان کی۔ کیا اپنی کوئی پسندیدہ چیز اللہ

سے محبوب بندہ بنانے کی دعا کرنی چاہیے۔ اللہ

پر توکل زندگی کے ہر معاملے میں۔ اللہ

حَسْبُنَا اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

اپنے اندر صبر اور تقویٰ کی صفت پیدا کرنا۔

موت کے وقت کلمہ پڑھنے کی توفیق کی دعا مانگنا۔

سورۃ آل عمران کی آیات132-134
میں فلاح پانے والوں کے لئے جو عمل بتائے گے ہیں انکو اپنی زندگی کا حصہ بنانا۔
رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّآۖإِنَّكَ أَنتَ ٱلسَّمِيعُ ٱلۡعَلِيمُ وَتُبۡ عَلَيۡنَآۖإِنَّكَ أَنتَ ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ

✨✨✨✨✨✨✨✨